کیوں نہیں ہو سکتی - آخر انسان ہیں بنانے والے بھی design کرنے والے - ان سے بھی غلطی ہو سکتی ہے - لیکن یہ اس وقت نہیں کہا جا سکتا اور یہ دیکھنے کی بات ہے کہ غلطی ہے یا غلطی نہیں ہے اس سلسلے میں جو اس وقت نقصان پہنچے ہیں وہ میں عرض کر دوں دو نقصان اس وقت واضح ہیں - اگر اس کے علاوہ کوئی اور ہے تو اس وقت اس کا علم نہیں ہے - پہلا جو نقصان تھا جس کا ذکر 27 تاریخ کے متعلق کیا گیا وہ تو gate کو اوپر نیچے لے جانے کی جو مشینری تھی - اس کے متعلق تھا - اب یہ گیٹ جو ہے گیٹ تو ہم کہہ دیتے ہیں - لیکن gate کا تصور صحیح نہیں ہوتا - gate سے ہم سمجھتے ہیں جیسے کوئی پھاٹک ہے - یہ معاملہ نہیں ہے - جناب والا - ایک گیٹ کا وزن 70 ٹن ہے اور ایک tunnel میں تین ، تین گیٹ لگے ہوئے ہیں تو اس ستر ٹن کو اٹھانا اور نیچے لے جانا اور اس کا جو pressure ہے - وہ اتنا نیچے ہے - پانی کے اندر کہ تین سو فیٹ کا ہو تقریباً 200 ، 250 ، 150 ، پاؤنڈ فی سکوئر انچ دباؤ ان پر ہوتا ہے تو ان باتوں میں اور پھر gate کا design جو ہے mechanism جو ہے وہ بھی بے complicated ہوتا ہے - مگر بہرحال ان کو try کیا جاتا ہے - سب طرح سے کوشش کی جاتی ہے - مگر پھر بھی اس میں ایک تو یہ خرابی ہوئی کہ گیٹ نہیں چلا - اب گیٹ کا نہ چلنا expert کو بلا لیا کہ بھئی مشینری خراب ہو گئی ہے - ذرا اس میں بتاؤ کیا خرابی ہے serious خرابی ہے - کم خرابی ہے - انہوں نے expert کو بلا لیا تو اس میں کوئی ایسی بات نہیں تھی - اور بات ایسی بھی نہیں تھی کہ جو ہمارے نوٹس میں آئی ہو - ہمارے نوٹس میں بھی یہ بات نہیں آئی - یہ تو عام بات ہوتی ہے - تو اس کے بعد یہ ہوا کہ دریا کے اوپر سے پانی پہاڑ میں ، tunnel میں داخل ہوتا ہے - اور نیچے ڈیم کے نیچے tunnel سے خارج ہوتا ہے - بعد میں جو خرابی پیدا ہوئی - جہاں تک اس وقت تک علم ہے - وہ tunnel کے اندر نہیں ہوئی اور tunnel بھی کیا چیز ہے - جناب والا 43 فٹ بڑا ایک پائپ ہے - جس میں ڈیڑھ انچ سوٹی steel کی چادر لگی ہوئی ہے اور اس کا خاص طور سے ایک رخ ہوتا ہے - خاص pressure ہوتے ہیں - تو tunnel میں خرابی کی اطلاع نہیں ملی جو خرابی کی اطلاع ملی کہ tunnel سے پانی خارج ہوتا ہے - اور اس کی رفتار تقریباً سو (100) میل فی گھنٹہ - 80 میل فی گھنٹہ - 70 میل فی گھنٹہ اس رفتار کا ہوتا ہے - تو وہاں پر انہوں نے جو کچھ بھی structure اس کو قابو کرنے کے لیے بنایا تھا - اس میں خرابی ہوئی - خرابی ! میں عرض کر دوں خرابی نہیں ہونی چاہئے تھی - کیونکہ چیز خرابیوں کے لیے نہیں بنائی جاتی - بہر حال اس میں خرابی ہوئی اور اس خرابی کی وجہ یہ سمجھی گئی اس وقت میں وہاں گیا تھا اور دوسرے منسٹر صاحبان

بھی اس روز وہاں گئے تھے - تو اس میں پتہ چلا کہ اس کو بند کر دیا جائے تو معاملہ حل ہو جاتا ہے تو ایک خرابی تو یہ ہوئی کہ جہاں سے پانی خارج ہوتا ہے - اس میں کچھ خرابی ہوئی - اس structure میں خیر وہ خرابی ایسی سنگین نہیں سمجھی جاتی تھی - اسی لیے اس کے بعد جو بیان یہاں issue کیا گیا وہ یہ issue کیا گیا کہ ایک testing stage تھی جو صحیح تھی اور اس میں ہمیشہ گنجائش ہوتی ہے کہ کس طریقے سے اس کو روکا جائے - اور اس کی گنجائش تھی - لیکن اس کے بعد جو خرابی ہوئی وہ پرسوں یا اترسوں 21 کو ہوئی اور وہ ہوئی جناب کہ گیٹ جو تھا اس کا پتہ نہیں چلا اب ہم کہتے تو ہیں کہ گیٹ بہہ گیا یا پتہ نہیں ہے لیکن کسی نے دیکھا تو نہیں کیونکہ وہ چیز تو پانی کے اندر ہے اور اس کی وجہ پانی کا اخراج ہوگیا - اب مسئلہ جو ہے وہ یہ ہے کہ یہ پانی اس وقت uncontrolled جا رہا ہے - کیونکہ اس کو بند نہیں کیا جا سکتا - لیکن جہاں تک design کا تعلق ہے وہ اس لیے کیا گیا تھا کہ اتنا پانی جا سکے - اس وقت جو سرنگ ہے جس میں سے پانی جا رہا ہے - اور سرنگ کے باہر اخراج کا جو بھی structure بنایا گیا ہے وہ اس لیے بنایا گیا تھا کہ اتنا پانی جا سکے -

**خواجہ محمد صفدر :** یعنی پانی کے پورے نکاس کو برداشت کر سکے -

**ڈاکٹر مبشر حسن :** full discharge لے سکے - تو اس میں اس وقت کوئی ایسی خرابی نہیں ہے - لیکن چونکہ ہمارا یہ دل ہے کہ وہاں تھوڑے پانی سے خرابی ہو گئی یہاں بھی اس میں چلائیں ہیں ، چلائیں کیا ہوگا - کیا نہیں ہوگا - یہ قدرتی بات ہے - اس طرح اگر tunnel No. 1 بھی چلا دی جائے اور پوری چلا دی جائے تو وہ اس بات کے لیے design ہوئی ہے - کہ پوری چلا دی جائے لیکن یہ ہماری طرف سے ایک خواہش ہے - کہ اس کو جب ایسا معاملہ ہوا ہو - پوری طرح لوڈ نہ ڈالا جائے - test نہ کیا جائے خدا جانے پاور ہاؤس میں کیا ہوگا - جناب والا - اس وقت پوزیشن یہ ہے - اور حکومت کی طرف سے میں یہ یقین دلاتا ہوں کہ پوری طرح کوشش کی جائے گی - اس سلسلے میں قوم کو پوری طرح مطلع رکھا جائے گا - اور کسی بات پر پردہ ڈالنے کی کوشش نہیں کی جائے گی - بہت بہت شکریہ

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** سر وہ designer کے متعلق نہیں بتایا -

**ڈاکٹر مبشر حسن :** ہاں وہاں پر ایک صاحب تھے جنہوں نے خود کشی کی اور یہ کہنا درست ہے کہ وہ صاحب شاید گیٹ کے instal کرنے کے سلسلے میں وہاں پر تھے - اور انہوں نے ضرور کہا کہ گیٹ میں شاید کچھ خرابی ہے - یہ نیچے نہیں جا

سکتا ۔ یہ اس وقت کی بات ہے ۔ لیکن یہ آپ کو پتہ ہے کہ کوئی صحیح الدماغ آدمی ایسی بات پر خودکسی نہیں کرتا ۔ اور بھی معاملات تھے ان کے ذاتی ۔ اور دوسرے ۔

**جناب چیئرمین :** یہ کیا پتہ ہے کہ اس گیٹ کی وجہ سے اس نے خود کشی کی یا بیوی سے جھگڑا کیا اور جھگڑے کی وجہ سے خودکشی کی ۔ اس کا کیا پتہ ہے ؟

**ایک معزز سینیٹر :** وہ انجینئر تھا designer نہیں تھا ۔

**Mr. Chairman** : There was not one designer. There were many.

**چوہدری محمد حنیف خان :** اس کا original designer سے واسطہ ہی نہیں تھا ۔ اور یہ ایک چھوٹا سا انجینئر تھا ۔ جس کا کوئی تعلق نہیں تھا اور پولیس investigation جس وقت ہوئی ہے ۔ اخبار میں ایک خبر نکلی تھی ۔ لیکن اس کا کوئی تعلق واسطہ نہیں تھا ۔

**Mr. Chairman** : Why should he commit suicide ?

**چوہدری محمد حنیف خان :** جناب والا ! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں I am being minister-in-charge میں چاہتا ہوں کہ ہر ایک چیز واضح طور پر بتلا دی جائے ایک حصہ جو ہے اس کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جو واقعہ اتفاق سے miss ہو گیا ہے ، وہ یہ ہے کہ جناب والا ! ۱۳ تاریخ کو جس وقت شام کو یہ حادثہ ہوا تو tunnels ۳ اور ۴ بند کر دی گئیں ۔ اس سلسلے میں لاء منسٹر صاحب بتلا چکے ہیں کہ یہ tunnels کیوں بند کرنی پڑیں کہ وجوہات یہ تھیں ۔ سٹیل اکھڑ گیا تھا اور erosion ہو گیا تھا ۔ ۱۴ تاریخ کو دوپہر کے وقت جب ہمیں پتہ لگا تو ہم وہاں پر گئے معلوم ہوا کہ یہ حادثہ ''اس'' طریقے سے ہوا ہے اور tunnel نمبر ۲ کو بند کرنا پڑا ۔ ظاہر ہے کہ irrigation کا جو پانی تھا اس پر affect پڑا ۔ یہ بھی ایک ایسی چیز تھی جس پر سوچا جانا نہایت ضروری تھا ۔ اس وقت فصلوں کو پانی کی حد سے زیادہ ضرورت ہے ۔ اگلے دن ۱۴ تاریخ کو جونہی مجھے خبر ملی میں وہاں پر پہنچ گیا اور consultants سے ملا ۔ اتفاق کی بات یہ تھی کہ consultants نمبر ۲ tunnel کے دروازے کو جو بند ہو گیا تھا ، اس کو دیکھنے کے لیے آئے ہوئے تھے ۔ تو consultants اتفاق سے آئے ہوئے تھے ، ورنہ صورت حال ایسی تھی کہ منگوانے پڑتے ۔ لیکن اتفاق سے consultants اور expert اس دروازے کو دیکھنے کے لیے آئے ہوئے تھے ۔ ورنہ صورت حال یہ تھی کہ اس کو دکھانے کے لیے ، جو کہ tunnel نمبر ۲ کا دروازہ بند ہو گیا ، اور بند نہیں ہوتا تھا ، اس کو بند کرنے کے منگوانے

پڑتے - ان کے ساتھ فوراً میٹنگ کی - انہوں نے سارا معاملہ سمجھایا اور ہم نے کہا کہ اس صورت حال کا تعلق ڈیم سے ہے ، اس کا تعلق tunnel سے ہے - اس کا تعلق گیٹ سے ہے - ہم نے ان کو کہا کہ یہ چیزیں ٹھیک کرنی ہیں اور پانی کی بھی ضرورت ہے - فیصلہ یہ ہوا کہ ہم آپ کو کچھ نہیں کہیں گے - یہ فیصلہ آپ نے کرنا ہے کہ اس کو کس طرح ٹھیک کیا جائے - حکومت اس میں کوئی مداخلت نہیں کرے گی - حکومت پاکستان اس میں دخل نہیں دے گی - مگر موجودہ جو صورت حال ہے کہ ڈیم کو کس طرح نقصان سے محفوظ ہونا ہے ، اس میں ہم آپ کو کوئی مشورہ نہیں دیں گے ، کیونکہ فیصلہ آپ نے کرنا ہے یہ آپ کی ذمہ داری ہے بہرحال ہمیں جو ضروریات تھیں ، جو تکلیف لاحق تھی ، پانی کی کمی کے بارے میں اس کا ذکر ہم نے کر دیا تھا کہ اس کا یہ اثر پڑے گا کہ پانی دریا میں نیچے کم جائے گا - جس سے فصلوں کو نقصان پہنچے گا ، لیکن اس کے باوجود فیصلہ آپ نے کرنا ہے تو انہوں نے جناب والا ! فیصلہ کیا کہ tunnel ۲ کو پورا کھول دیا جائے - ان کا یہ خیال تھا کہ tunnels ۳/۴ بند ہو چکی - tunnel نمبر ۲ کو پورا کھول دیا جائے تو وہاں سے تقریباً ۸۰ ہزار کیوسک پانی جانا شروع ہو جائے گا - یہ ان کا فیصلہ تھا - میں وہاں سے واپس آ گیا - پھر انہوں نے دوسرے دن ۱۵ تاریخ کو tunnel نمبر ۲ کا دروازہ کھولا جو سٹ ہوچکا تھا- پہلے انہوں نے کوشش کی لیکن دوسری طرف کوشش کی اس میں ۸۰ ہزار تھوزنڈ کیوسک پانی بہنے لگا - جب پانی زور سے نکلا تو انہوں نے پھر اسي جگہ پر جس طرح tunnels نمبر ۳ - ۴ کے باہر down stream اندر نہیں انہوں نے نوٹس کیا کہ وہاں پر error ہو چکی ہے - ایک لوہے کی تار تھی جس سے fortify کرتے ہیں وہ ذرا باہر تھی - which was sticking out تو انہوں نے فوری طور پر ۳ - ۴ گھنٹے کے اندر پھر اس سرنگ کا جو گیٹ تھا نیچے کر دیا - اور پانی بند کر دیا - یہ وہ حصہ تھا جس کے بارے میں عرض کرنا چاہتا تھا مزید اس کے متعلق پیرزادہ صاحب اور ڈاکٹر صاحب سے جو development ہوئی وہ بتا دی ہے - یہ صورت حال تھی جس کے باعث بند کرنے کے بعد پانی وہاں سے چلتا رہا - اس کے بعد پھر وہیں سے ۲۱ - ۲۲ تاریخ کی رات کو نقصان ہوا ہے - یہ ان کی مجبوری تھی حالات کی بنا پر یہ واقعہ پیش آیا -

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میں ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ لوگوں کے ذہنوں میں کافی پریشانیاں ہیں -

**Mr. Chairman :** Will you please resume your seat. Let us hear Haji Sahib.

**Mr. Nimatullah Khan :** Sir, in the light of the explanations given by the Law Minister, the Finance Minister and the Labour Minister and because this is a national calamity, we should not take it as a debate. We should try to understand each other very calmly and very patiently. We should try to ......

(*Interruption*)

**Mr. Chairman :** He is allowed to put life into the discussions. Sometime people feel depressed, you see.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Now that he has injected life let us close it down.

**Mr. Nimatullah Khan :** Sir. I will be very brief. What I say, Sir, is the thing that the Government has admitted that the damage has been done ......

**Mr. Chairman :** That has been accepted.

**Mr. Nimatullah Khan :** That has been accepted but this is not. This is the national thing. It is uncontrollable.

**Mr. Chairman :** No, no, we are not having any debate over it.

**Mr. Nimatullah Khan :** Sir, I am just for the sake of explanation and information.

**Mr. Chairman :** The Minister concerned have given their explanations of the whole situation, you see.

**Mr. Nimatullah Khan :** I only said that in the light of the explanations given by the Law Minister, the Finance Minister and the Labour Minister and because the project has been financed by the World Bank and since we cannot interfere with the consultants, so we should allow the consultants.........

**Mr. Chairman :** Thank you. Thank you. Haji Sahib, your advice has been accepted and has been appreciated. Yes, Mr. Zahurul Haq.

**Mr. Zahurul Haq :** Sir, we are grateful to the three Honourable Ministers for giving a very elaborate description of the tragedy, but we would like to ask one question. As I understand, this World Bank financed project is under a treaty and that treaty is between India and Pakistan. Is the tragedy of today, of a magnitude, will affect the period of that treaty or not ?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Sir, I think that lawyer's mind is working. I would request not to raise this matter at this stage or at this juncture.

**Mr. Chairman :** That will prejudice, you see.

**Mr. Zahurul Haq :** I withdraw it.

(*Interruption*)

**Mr. Chairman :** No, no, just like a gentleman he has appreciated your objection and he has withdrawn it.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میں ایک سوال پوچھ رہا ہوں کہ جب ٹنل نمبر ۲ بند کر دی گئی تو جھیل جو ہے وہ بھرتی رہی - پہلے اندازے کے مطابق سیٹلمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے جن دیہات کو اگست میں settle کرنا تھا وہ دیہات جولائی میں زیر آب آ گئے ہیں اور اب پانی کا جو up stream ہے ، جھیل کا یہ جو ایریا ہے ۵۰ میل سے لے کر ۱۱۰ میل تک پہنچ گیا ہے ، وہ دیہات پانی میں آ گئے ہیں - قبائلی علاقے جو ہیں وہ پانی میں پھنس گئے ہیں -

**جناب چیئرمین :** کون سے قبائلی علاقے ؟

**جناب شہزاد گل :** سنجیل ، مداخیل کے دیہات - - -

**جناب چیئرمین :** یہ تو دیہات ہیں قبائلی علاقے تو نہیں ہیں

(مداخلت)

**جناب عبدالحفیظ پیرزادہ :** جناب والا ! تین چار دن گیٹ نہ ٹوٹتا تو spillway سے اوپر پانی ہوتا -

Sir, impounding was being done according to the programme.

**جناب شہزاد گل :** پانی ، جناب والا : اسی طرح جا رہا ہے -

**جناب عبدالحفیظ پیرزادہ :** اب تو کوئی problem نہیں ہے - اب تو پانی کا اخراج زیادہ ہے جو اندر آ رہا ہے -

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! اس دوران میں جو لوگ متاثر ہوئے ہیں ان کے لیے گورنمنٹ کیا کر رہی ہے ؟

**جناب چیئر مین :** آپ کی ایڈجرنمنٹ موشن کیا ان کو بچا سکتی ہے ؟ جو انہوں نے وضاحت کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کو پتہ ہے کہ نقصان ہو رہا ہے - اس کے لیے جو کچھ ممکن ہے ، جو ہو سکتا ہے کر رہی ہے - مثلاً گورنمنٹ

سپیشلسٹ سے ، کنٹریکٹرز سے اور کنسلٹنٹس سے مشورے کر رہی ہے اور اس سے جو متعلقہ ادارے ہیں ان سے مشورے کر رہی ہے کہ اس calamity کو کس طرح روکا جائے ۔ اس کو روکنے کے لیے ، اس کو بچانے کے لیے گورنمنٹ کنسلٹنٹس اور کنٹریکٹرز سے مشورے کر رہی ہے ۔ آپ کا کیا مطلب ہے کہ دیہات ڈوب رہے ہوں گے اور کنٹریکٹر ، کنسلٹنٹس سب سوئے ہوئے ہوں گے ؟ یہ تو نہیں ہو سکتا ہے ۔

This is going too far, you see, too far.

**ڈاکٹر مبشر حسن :** جناب والا ! بعض اوقات غلط فہمی ہو جاتی ہے ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ کسی ایسی جگہ پر پانی نہیں گیا اور نہ جائے گا ۔ جھیل بھرنے کی وجہ سے ایسی کوئی غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ وہاں کے لوگوں کو اطلاع نہ دی گئی ہو ۔ میں جناب والا ! یقین دلاؤں گا کسی طرح بھی کسی ایک حصے کے زیر آب آنے کا کوئی خطرہ نہیں ہے اور یہ نہیں ہو سکتا کہ ایسا ہوا ہو تو اس کے متعلق اطلاع نہ دی گئی ہو ۔

**چوہدری محمد حنیف خان :** جناب چیئرمین ! معاملہ بالکل مختلف ہے ۔ اس کے بارے میں ہم نے تمام بندوبست جو کہ ہو سکتے ہیں اور ممکن ہو سکتے ہیں وہ سارے کے سارے آج سے تین چار مہینے پہلے کر لیے تھے ۔ اب گزارش یہ ہے کہ اس سلسلے میں ، ہماری planning یہ تھی کہ ۶۰ ہزار آدمیوں کو اس سال evacuate کرنا ہے اور پروگرام کے مطابق ۲۰ ہزار آدمیوں کو اگلے سال یعنی ۱۹۷۵ء میں evacuate کرنا تھا ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ بالکل شیڈول کے مطابق ۶۰ ہزار بلکہ ۷۰۔۸۰ ہزار آدمیوں کو وہاں سے نکالا ہے اور بعض لوگ ایسے بھی ہیں جنھوں نے اگلے سال نکلنا تھا انہوں نے خود offer کی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ اگلے سال صورت حال کچھ اور ہو جائے ۔ ہم اسی سال نکلنا چاہتے ہیں اور جہاں ہم نے settle ہونا ہے وہاں settle کیا جائے ۔ یہ ایک علیحدہ بات ہے اگر چاہیں تو میں detail بھی بتا دوں گا ، لیکن جناب ! جس طریقے سے جس محنت سے ، جس خوش اسلوبی سے یہ کام ہو رہا ہے اور لوگوں کو evacuate کر دیا گیا ہے اور آئندہ کے لیے بھی بندوبست کئے جانے ہیں اس کام کو بڑی خوش اسلوبی اور دیانتداری کے ساتھ کیا جا رہا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** اب آپ کا مطلب بھی پورا ہو گیا ہے ۔ انہوں نے وعدہ بھی کر لیا ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** وزراء صاحب کی یقین دہانی کے بعد کہ تربیلا میں جو حالات بھی ہوں گے ان کو اس ملک کے عوام سے مخفی نہیں رکھا جائے گا ۔ اور انہوں نے جو وضاحت کی ہے اس کے پیش نظر میں اپنی تحریک التوا پر زور نہیں دیتا ۔

**Mr. Chairman** : Let it be on record that in view of the assurances given by the concerned Ministers, the motion is not being pressed.

Time for adjournment motion is over. Now, we take up motions under rule 187. Yes, Mr. Qurban Ali Shah, move your motion.

## MOTION RE: FAILURE OF COTTON EXPORT CORPORATION TO EXPORT SURPLUS COTTON CROP

**Mr. Qurban Ali Shah** : Under rule 187, I beg to move that the situation arising out of the failure of the Cotton Export Corporation to export the surplus cotton crop of this year as compared with that of last year resulting in a great loss to the whole agriculturist class in Pakistan be taken into consideration.

**Mr. Chairman** : Yes, the Minister concerned, please.

**Mr. M. Rafi Raza** : I would just beg the learned mover to confine himself to the motion itself. It is a limited motion and relates to the failure or otherwise of the Cotton Export Corporation in exporting last year's cotton.

**جناب چیئرمین** : مسٹر قربان علی انہوں نے جو کچھ کہا ہے - وہ آپ نے سن لیا ہے کہ آپ نے جو کچھ اپنی موشن میں کہا ہے - آپ اپنی تقریر کو اس تک ہی محدود رکھیئے - اس سے ادھر ادھر نہ جائیں ، کیونکہ پھر وہ جواب نہیں دے سکیں گے -

**جناب قربان علی شاہ** : جناب چیئرمین صاحب ! ظاہر ہے کہ میں اپنی موشن پر ہی بولوں گا - تربیلا پر تو نہیں بولوں گا اور ابھی میں نے بحث بھی شروع نہیں کی اور ان کو پہلے ہی خدشات لاحق ہونے لگے ہیں - جناب ! میں اسی موضوع پر بولوں گا - جناب چیئرمین ! ہمارے ملک کی معیشت میں روئی کی تجارت کو ملک کی آزادی کے بعد بڑا دخل رہا ہے - اور اگر آپ حقائق کا جائزہ لیں - اور حالات کو پرکھیں گے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ ۱۹۷۱ء کے المیہ کے بعد جب کہ ملک کا آدھا حصہ ہم سے علیحدہ ہوگیا اور war کے after effects کی وجہ سے ملک کے خزانے خالی تھے ، فارن ایکسچینج کی آمدنی کی جو حالت تھی ، وہ تسلی بخش نہیں تھی اور اس وقت اس ملک کے کاشتکار اس ملک کی موجودہ عوامی حکومت اور ہمارے عظیم قائد جناب ذوالفقار علی بھٹو مدد کو آئے اور انہوں نے جو فصل موجودہ حکومت سے پہلے بوئی ہوئی تھی ، اس سے ۷۰ کروڑ ڈالر زرمبادلہ کی آمدنی ہمیں ہوئی - اگر آپ حقائق کا جائزہ لیں ، تو آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ اس میں سے 62% فارن ایکسچینج جو تھا - وہ ہماری عوامی حکومت کو صرف روئی کی تجارت سے حاصل ہوا اور یہ اتنی بڑی قابل فخر

بات ہے کہ اس دور کے عظیم قائد جب امریکہ کے دورے پر گئے ، تو انہوں نے پاکستان کی اقتصادی میدان میں ترقی کے اس کارنامے کا ذکر امریکہ کے پریس کلب میں بھی کیا۔ جناب والا ! اس موجودہ مالی سال کے دوران جو خاموش طوفان آ کر پاکستان کی معیشت میں سے گزر چکا ہے اور جو لوگ روئی کی تجارت سے تعلق نہیں رکھتے ہیں وہ اس طوفان سے بے خبر ہیں اور جس طوفان نے ہماری معیشت کو ہلا کر رکھ دیا ہے اور یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ ہمارے عظیم قائد نے اپنی محنت سے اور اس ملک کے کسانوں کی مدد سے اس ٹوٹی ہوئی کشتی کو کنارے پر لا کھڑا کیا ہے اور اب کچھ حضرات اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے اور اپنی احمقانہ پالیسیوں کی وجہ سے پھر اس کشتی کو منجدھار میں کھینچ رہے ہیں اور اس سے ہماری معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے - تو کیوں نہ اس مسئلے کو اس معزز ایوان میں زیر بحث لایا جائے تاکہ پوری قوم اس حقیقت سے واقف ہو سکے - موجودہ مالی سال کی جو پالیسیاں ہیں - ان کی کئی وجوہات ہیں - آج ملک کو آزاد ہوئے ۲۷ سال گزر چکے ہیں اور دنیا میں روئی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں ، کاٹن yarn کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور بد قسمتی سے اس سال ہمارے ملک میں سیلاب بھی آیا - اور جو فصل حسب معمول پیدا ہوتی ہے - اس کے مقابلے میں روئی کی کم فصل پیدا ہوئی اور ہمارے پاس ایکسپورٹ کرنے کے لیے صرف سات لاکھ bales تھیں - لیکن ہم وہ سات لاکھ bales بھی ایکسپورٹ نہیں کر سکے ، جب کہ روئی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی تھیں اور اس طریقے سے اس غریب ملک کی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنا پڑا - جب کہ اس غریب ملک کا کسان پیٹ پر پتھر باندھ کر ملک کی معیشت کو مضبوط بنا رہا ہے - میں پوچھتا ہوں کہ اس کی محنت کیوں رائیگاں گئی ؟ اس کا پسینہ کیوں ضائع ہوا ؟ میں کہتا ہوں کہ اگر ہم نے ایوان میں اس مسئلے پر غور نہ کیا ، تو یہ بڑی کوتاہی ہوگی - اور اسی طرح آنے والا وقت جو میں دیکھ رہا ہوں اور ہماری اقتصادیات جس طریقے پر چل رہی ہے اور روئی کی تجارت کی جو صورت حال ہے - اس میں میں اس قدر مشکلات دیکھ رہا ہوں جس کا سامنا آئندہ اس غریب ملک کو کرنا پڑے گا - گو مجھے یہ بھی یقین ہے کہ ہمارے عظیم قائد کی کوششوں سے اور اس غریب ملک کے عوام کی مدد سے ہم ان دشواریوں پر قابو پا لیں گے لیکن جو مشکلات میں دیکھ رہا ہوں ، ان کا ذکر اگر اس معزز ایوان میں نہ کیا جائے تو یہ ایک مجرمانہ غفلت ہوگی - جناب والا ! وہ مشکلات میں آپ کو بتاتا ہوں کہ جس سال سیلاب آیا اس سال ٹیکسٹائل مل والوں نے شور مچانا شروع کر دیا کہ روئی کی ایکسپورٹ کو بند کر دیا جائے اور جو ذمہ دار افراد

پالیسیاں بناتے تھے ، انہوں نے روئی کی تجارت پر ban لگا دیا ۔ اس کے بعد اکتوبر میں جا کر جب ان کو یہ احساس ہوا کہ باوجود کہ اپنے دور کا بدترین سیلاب آیا لیکن اس کے باوجود چھ سات لاکھ گانٹھیں ہمارے پاس فاضل تھی ، جس کو بیچ کر زرمبادلہ کمایا جا سکتا تھا اور ملک کی معیشت کر مضبوط بنایا جا سکتا تھا ۔ تو جناب والا ! اس وقت یہ پالیسی بنائی گئی کہ روئی کی تجارت تو ہے اس کو سرکاری تحویل میں لیا جانا ہے ۔ صرف روئی کی تجارت کو ۔ کاٹن yarn کی نہیں اور C.E.C. کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن تشکیل دی گئی اور اعلان کیا گیا کہ روئی کی ساری تجارت کاٹن ایکسپورٹ کے through ہوگی ۔ جناب والا ! پھر تاریخ کا وہ بدترین المیہ شروع ہوا اور اگر آپ کاٹن ایکسپورٹ کا جائزہ لیں گے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ ۲۷ سال میں اتنا نقصان اس ملک کو بیورو کریٹ نے نہیں پہنچایا ہوگا ۔ جتنا نقصان اس کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن نے پہنچایا ہے ۔ جناب والا ! دنیا میں روئی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی تھیں اور کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن کے افسران خوش گپیوں میں مصروف تھے ۔ پاکستان میں جب رات ہوتی ہے تو دوسرے ملکوں میں دن ہوتا ہے اور اس وقت دنیا میں تجارت ہوتی ہے ۔ اس سے پہلے یہ ہوتا تھا کہ تاجر لوگ رات کو جاگتے تھے کیونکہ ان کو پتہ ہوتا تھا کہ دوسرے ملکوں میں دن ہے اور وہ رات کو اپنے سودے کرتے تھے لیکن ہماری سی ای سی کے جو ذمہ دار افراد ہیں ، جب دوسرے ممالک سے تجارت کا وقت ہوتا ہے تو وہ اس وقت خواب خرگوش میں مست ہوتے ہیں ۔ جناب والا ! دوسری بات یہ ہے کہ بجٹ کے اعلان کے بعد جس وقت قومی اسمبلی بجٹ منظور کر چکی تھی تو روئی کی قیمتیں چڑھ گئیں ادھر روئی کی قیمت چڑھی ، ادھر ڈیوٹی لگا دی ۔ ادھر کاٹن yarn کی قیمت چڑھی ، ادھر ڈیوٹی لگا دی ۔ اس کا نتیجہ کیا ہوا ؟ میں آپ کو بتاتا ہوں ۔ میں خود تو کوئی بڑا کاشتکار نہیں ہوں ۔ لیکن وہ کہتے ہیں ، بقول غالب

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی سے معاف
آج کچھ درد میرے دل میں سوا ہوتا ہے

تو میں اس وقت کاٹن ایکسپورٹ کے چیئرمین کو جو اس وقت کراچی میں تھے فون کیا کہ جناب والا ! روئی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور اللہ کے فضل سے پاکستان روئی کی پیداوار میں دنیا میں سرفہرست ہے آپ اس قیمتی موقع سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے تو انہوں نے بڑا دلچسپ جواب دیا کہ شاہ صاحب ! اس وقت دنیا کی قیمتوں اور ہماری قیمتوں میں فرق ہے ۔ پاکستان میں روئی کی قیمت دنیا کی قیمتوں سے زیادہ ہے تو مجھے بڑی حیرت ہوئی ۔ میں نے کہا جناب والا ! قیمتیں بہت زیادہ ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ اگر ڈیوٹی یہ جو بجٹ کی percentage جو کہ روئی اور کاٹن پر

ہے اس کو اگر آپ plus کر کے حساب لگائیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ پاکستان کی قیمتیں دنیا کی قیمتوں سے زیادہ ہیں جناب چیئرمین اس بات پر بھی بحث ہونی چاہئے - جناب وزیراعظم صاحب نے ابھی حالیہ پریس کانفرنس میں تین دفعہ فرمایا کہ ہم نے raw cotton سے ڈیوٹی abolish کر دی ہے - اس موقع پر جناب رفیع رضا صاحب بھی پیچھے بیٹھے تھے انھوں نے وزیراعظم صاحب کو ایک پرچہ لکھ کر بھیجا اس میں یہ لکھا تھا کہ جناب روئی کی تجارت سرکاری شعبہ میں ہے اور روئی کی ایکسپورٹ گورنمنٹ کرتی ہے اس لیے روئی پر ڈیوٹی بے معنی ہے - تو جناب چیئرمین میں ایک عوامی نمائندہ ہونے کی حیثیت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں - کہ اگر روئی پر ڈیوٹی بے معنی تھی تو پھر وہ نصرت حسین صاحب کو وہ نسخہ کس نے بتایا تھا کہ پاکستان میں کاشتکار کو اسی سے پچھتر روپے تک مل رہے تھے یا تو جناب چیئرمین ہم یہ سمجھیں کہ روئی پر ڈیوٹی محض اس لیے لگائی گئی تاکہ روئی کی برآمد نہ ہو سکے - اگر ڈیوٹی بے معنی تھی تو پھر ایکسپورٹ کیوں نہیں کی گئی ؟ جناب والا ! ڈالر کرنسی جو کہ انٹرنیشنل کرنسی ہے اور جس سے ہماری کرنسی بھی وابستہ ہے اس میں ایک بحران آیا ہوا تھا وہ اپنی value کھو رہا تھا جس وقت جاپان کی حکومت نے یہ محسوس کیا کہ بے جا کرنسی اتنی زیادہ ہو جائے گی اس سے commodities خرید لی جاتیں اور یہ فیصلہ کرنے کے بعد انھوں نے اکتوبر میں اپنی ٹیکسٹائل انڈسٹریز کو پندرہ ارب روپے purchases کرنے کے لیے دیئے تو انھوں نے پندرہ ارب روپے سے دھڑا دھڑ کاٹن اور کاٹن yarn خریدنے شروع کر دیئے اور اس طریقہ سے جاپان کی خریداری کے تحت روئی اور cotton yarn کی قیمتیں تیزی سے چڑھیں حتیٰ کہ چار جنوری کو کاٹن کی قیمتیں اٹھانوے cent تک پہنچی - جناب والا ! دوسری بات جو پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ہماری کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن قطعی طور پر ناکام ہوگئی ہے اسمبلی میں جو سوالات کئے گئے ان کے جو جوابات دیئے گئے اگر ہم ان کو دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ سات گٹھڑیوں میں سے صرف ایک لاکھ ارسٹھ ہزار گانٹھ کاٹن ہماری کارپوریشن ایکسپورٹ کر سکی اور جناب والا - میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر ہم چار جنوری کا دنیا کا نرخ دیکھتے ہیں اور پھر حساب لگاتے ہیں تو ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر چار جنوری کو جو روئی ہمارے پاس موجود تھی اس کو ایکسپورٹ کر دیتے تو ایک ارب اور پینتیس کروڑ روپے Foriegn Exchange زیادہ ملتا - لیکن آج جب کہ ہم ناکام ہو چکے ہیں ، روئی کی برآمد نہیں کر سکے اور اپنے سینے سے لگائے بیٹھے ہیں ، روئی کی ایکسپورٹ کریں گے تو جناب چیئرمین ! ایک ارب اور پینتیس کروڑ روپے کا نقصان ہوگا اور وہ بھی جب ہم

ایکسپورٹ کر دیں ، ابھی تک تو نہیں کر رہے ہیں - دوسری بات cotton yarn کی ہے - کاٹن یارن کا rate جنوری میں بہت اونچا چلا گیا تھا - اس وقت مل کے ریٹ 425 ڈالر تھے اور اس وقت جو ریٹ چل رہا ہے وہ دو سو سوا دو سو ڈالر ہے اور اس وقت سولہ کروڑ cotton yarn ہمارے پاس پڑا ہے - - - - -

**Mr. M. Rafi Raza** : Sir Cotton Export Corporation has nothing to do with this cotton. We are considering cotton policy.

**Mr. Chairman** : He agrees with you.

شاہ صاحب آپ کاٹن پر بات کریں -

**جناب قربان علی شاہ :** جناب چیئرمین ! روئی ، کپڑا اور دھاگہ یہ تینوں چیزیں سال گذشتہ میں ہمارے پاس موجود تھیں اگر اس وقت جبکہ دنیا میں ان کی قیمتیں چڑھ رہی تھیں ، ان اشیاء کو بیچ دیا جاتا تو آج یہ بات نہ ہوتی ! میں اپنے معزز ممبران کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں - کہ ڈھائی ارب روپے کا خسارہ ہوا ہے اور یہ loss صرف rates کے difference سے ہے - اور دوسرا تو ہمیں عظیم نقصان ہوا ہے ، اس پر بھی غور فرمائیں جناب چیئرمین ! جس طرح ہم روزانہ ضروریات زندگی کی اشیاء خریدتے ہیں ، گوشت ایک دکان سے خریدتے ہیں تو جوتا دوسری دکان سے خریدتے ہیں یعنی ہر ایک چیز کی مخصوص مارکیٹ ہوتی ہے اسی طریقے سے پاکستان کی روئی ہم فروخت کرتے تھے - پاکستان کی روئی کے مستقل خریدار تھے - جو ہمیشہ ہم سے روئی لیتے تھے لیکن یہ بات تو ہو ہی نہیں سکتی کہ وہ لوگ اس وقت تک اپنے کارخانے بند کر دیں جب تک کہ ہمارے کاٹن کارپوریشن کے صاحبان اقتدار ان کو ایکسپورٹ کرنے پر راضی نہ ہو جائیں یا ان کے Arithmetic کے حساب سے حساب برابر ہو تو تب وہ اپنے کارخانے چلائیں - ایسا ہونا تو بالکل نا ممکن ہے اور یہ ہماری بد نصیبی ہے - کہ یہ ہمارے خریدار جو ہمیشہ ہم سے روئی خریدتے تھے Partition سے لے کر آج تک ، وہ مارکیٹ بھی ہم نے کھو دی ہے - اور ہم اپنی فاضل روئی کو سینے سے لگائے بیٹھے رہے - ان ممالک نے خریداری دوسرے ملکوں سے کی - برازیل سے کی کوریا سے کی اور کتنے ہی دوسرے ملکوں سے کی اور نتیجہ یہ ہے جناب ! کہ ہمیں ڈھائی ارب روپے کا نقصان ہوا - تیسری بات جناب ! یہ بھی دلچسپ نقاط ہیں - وہ بھی میں لے آؤں اس ایوان کے سامنے کہ میں نے سنا ہے کہ کاٹن ایکسپورٹ کے چیئرمین صاحب کو ابھی حال ہی میں دورے پر بھیجا گیا - ان سے کہا گیا کہ آپ ایکسپورٹ کرائیں - اس کے لیے جائزہ لیں - وہ یہاں سے گئے - سنا ہے جب وہ جاپان میں گئے - یہ باتیں گردش کر رہی ہیں - حتیٰ کہ چھوٹے سے چھوٹے کسان تک بھی پہنچی ہیں ،

اس لیے ان کا ذکر ضروری ہے - اگر یہ باتیں غلط ہیں تو وزیر تجارت صاحب ان کی تردید فرما سکتے ہیں ، مجھے کوئی اعتراض نہیں ، لیکن ہم یہ باتیں جاننا چاہتے ہیں - وہ دورے پر گئے - وہاں سے وہ سیدھے ٹیکسٹائل مل میں پہنچے ان سے کہا کہ میں C.E.C. کا چیئرمین ہوں - آپ ہم سے روئی خریدیں ہم روئی بیچنا چاہتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ بھئی C.E.C کا ہم نے تو پہلے نام نہیں سنا بہر حال ہم روئی ایجنٹوں کی معرفت خریدتے ہیں - آپ ہمارے جاپان کے ایجنٹ سے بات کریں - وہ پھر ایجنٹ کے پاس پہنچے تو وہاں ایجنٹ نے جواب دیا کہ جناب ہم تو ایسے خریداری نہیں کرتے - آپ ہمارے پاکستان کے ایجنٹ سے بات کریں - بہرحال وہ دنیا کا دورہ لگا آئے - گھوم پھر آئے - اور انہوں نے اپنی جتنی کوششیں کیں ان کا نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ صرف ۹ سو سے لے کر سنا ہے صرف ایک ہزار bales تک وہ فروخت کر سکے - لاکھوں گٹھریوں میں سے - ایک تو یہ بات ہے - جناب ! اس سے ہماری مشکلات کا دور شروع ہوا - پاکستان کی ساری تجارت جو ہے وہ مفلوج ہو کر رہ گئی - پہلے پہلے سندھ کی جو فصل آئی تھی - اس وقت مارکیٹ میں خریدار تھے - لیکن بعد میں یہ ہوا کہ جب پنجاب کی فصل آئی -

(مداخلت)

**جناب قربان علی شاہ :** جناب والا ! میرا خیال ہے کہ ابھی تو بہت ٹائم ہے -

**جناب چیئرمین :** نہیں نہیں - میں نے آپ کو روکا تو نہیں ہے - آپ کیوں مجھے منع کرتے ہیں - اپنے سیکرٹری سے بات کرتے ہوئے میں نے آپ کو تو نہیں روکا -

You go on.

**جناب قربان علی شاہ :** ابھی کافی ٹائم ہے - جناب والا ! سوال یہ ہے کہ ہماری مشکلات کے اور دور بھی شروع ہوئے - وہ یہ کہ جب کاشت کار پنجاب میں کاٹن یارن لے کر پہنچے - کاٹن جننگ فیکٹری میں تو انہوں نے وہ لینے سے پہلے تو انکار کر دیا - محترم رفیع رضا صاحب کہتے ہیں - کہ کاٹن یارن کا کیا تعلق ہے - میں کہتا کہ تعلق ہے - تو انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل والے خریدتے نہیں - وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس جو ہم نے پہلے روئی لی ہے - اس کی کاٹن یارن پڑی ہے - کوئی خریدار نہیں ہے - بجٹ کے بعد ۵ دفعہ ڈیوٹی لگائی ہے اور اس طرح لگائی ہے کہ اگر بیچیں تو ہماری ملیں بھی بک جائیں - اور دوسری بات جو فصل انہوں نے کاٹن جننگ فیکٹری والوں کو بیچ دی اس کے پیسے کاشت کاروں کو نہیں ملے اور یہ کتنے افسوس کی بات ہے - میں کہتا ہوں کہ زمیندار صرف اپنی محنت کا حصہ نہیں پاتا - بلکہ آدھے کا

حصہ دار وہ کاشت کار بھی ہوتا ہے - جو آج آپ کی ملکی معیشت کو اپنے کاندھوں پر چلا رہا ہے - اور مجھے یہ کہنے دیجئے کہ ہم نے ہمیشہ اپنے دیہات کے لوگوں اور دیہات کے کسانوں سے دوسرے درجے کے شہری کا سلوک کیا ہے اور وہ لوگ جنہوں نے اس ملک کی معیشت کو سہارا دیا ، جنہیں ہم شہر کے مقابلے میں شکر کا کوٹہ بھی کم دیتے ہیں - وہ لوگ ، وہ کسان جنہیں ہم گھی کا کوٹہ بھی کم دیتے ہیں - وہ کسان زرعی پیشہ مزدور جنہیں ہم راشن والے subsidized rate پر آٹا بھی مہیا نہیں کرتے اور کسان جن پر ہم نے 75% ڈیوٹی بھی لگائی - شہر کے لوگ کہتے ہیں کہ ایگریکلچر انکم ٹیکس لگاؤ - ارے بھئی یہ کس بلا کا نام ہے - 75% ڈیوٹی ایگریکلچر انکم ٹیکس نہیں ہے تو ہے کیا ؟ جب آپ اگر ایک کاشت کار کی آمدنی میں سے 75% لے جاتے تھے تو یہ انکم ٹیکس نہیں تو کیا تھا - بہر حال وہ بھی انہوں نے گوارا کیا لیکن اس کے بعد جب وہ فصل لے کر کاٹن جننگ فیکٹری میں پہنچے تو نتیجہ یہ نکلا جناب والا ! کہ ایک تو پوری فصل بک نہ سکی - بڑی مشکل سے انہوں منتیں کیں گڑگڑائے ، عاجزی کی تو وہ فصل کاٹن جیننگ فیکٹری والے اس شرط پر لینے کو تیار ہوئے کہ وہ اس کی قیمت جب ان کے پاس ہوگی تب دیں گے - پنجاب کے نمائندے اس ایوان میں بیٹھے ہیں - کیا بتا سکتے ہیں ؟ کہتے ہیں ہمارے ضلع میں جناب روئی سب سے پہلے مارکیٹ میں جاتی ہے - اب تک کاشت کاروں کے پیسے کاٹن جیننگ والوں کے پاس ہیں - اور کاٹن جیننگ والے دلیل یہ دیتے ہیں کہ ان کا ایک کروڑ روپیہ صرف تھرپارکر ضلع سے ٹیکسٹائل ملوں والوں کے پاس ہے - جناب والا ! میں یہ پوچھتا ہوں کہ سارا ملک چلاتا رہا - سب لوگ چلاتے رہے - اخبارات کے ایڈیٹوریل سے صفحات کے صفحات سیاہ ہو گئے کہ کچھ نہ کچھ کیا جائے - میں کہتا ہوں ہمیں اس بات سے کوئی غرض نہیں - ممکن ہے یہ کہا جائے کہ قربان علی شاہ ، سرمایہ داروں کے ایجنٹ ہیں - میں نے یہ تقریر ڈاکٹر صاحب کے سامنے بھی کی تھی - جناب والا ! ہم نے ملی جلی معیشت جس کو آدھا تیتر آدھا بٹیر کہا جائے اس کو اپنایا اور اس کا نتیجہ ڈھاک کے تین پات نکلا - ہم اگر سوشلسٹ معیشت کی طرف جاتے تو اگر اتنی ترقی نہ ہوتی تو اتنا نقصان بھی نہ ہوتا اور ملی جلی معیشت جس میں آپ پورے اختیارات بیوروکریٹ کو دیتے ہیں - اس کی تواریخ دیکھیں گے تو ہندوستان میں بھی انڈسٹریز کا کیا حشر ہو رہا ہے - پاکستان میں بھی ہو رہا ہے اس لیے اگر آج بھی ہم سوشلسٹ معیشت کی طرف چلے جائیں تو ہمیں اتنا اقصان نہیں ہوگا جو نقصان ہمیں کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن دے رہی ہے - جناب والا ! اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس ملک کی اقتصادیات اس ملک کی معیشت کو دیکھا جائے تو صنعت پر نہیں زراعت پر چل رہی ہے - اور یہ دور جس دور میں - - - -

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب چیئرمین! اور یہ دور جس دور میں تاریخ میں اتنی تیزی سے تبدیلی آئی ہے قیمتیں جو ہیں زرعی اجناس کی وہ کوڑیوں کے بھاؤ تھیں اور آج اب زرعی اجناس یا زرعی پیداوار کی چیزوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں - تو پاکستان کی معیشت اتنی مضبوط اور خوشحال ہونی چاہئے تھی کہ آج یہ پاکستان کا خطہ جو اپنی زراعت کی وجہ سے پورے سب کانٹیننٹ پر ہمیشہ ستارے کی طرح چمکتا رہا ہے - ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ ہماری معیشت بہت خوشحال ہوتی - لیکن آپ دیکھیں گے تو آپ کو بڑی مایوسی ہوگی - جناب والا! مثلاً یہ کہ آپ دیکھیں گے سال ۱۹۷۱ء میں جب کہ عوامی حکومت نہیں تھی - کاشت کاروں کا وفد اس وقت کی حکومت کے صدر سے ملا تو انہوں نے کہا تھا کہ اگر کاشت کار اپنی فصل کی پیداوار بڑھائیں گے تو ہم انہیں 10% بونس دیں گے - انہوں نے 10% بونس کا اعلان کیا - تو ہماری ۱۹۷۲-۷۳ء کی روئی کی پیداوار 30 لاکھ گٹھریوں سے جمپ لگا کر 41 لاکھ اور 17 ہزار گٹھریوں تک جا پہنچی، جو کہ اس ملک کے کاشتکاروں کا بڑا کارنامہ تھا - لیکن اس کے بعد ایسی پالیسی شروع کی گئی جس کے نتائج بدقسمتی سے بہت ہی خراب ہوئے - اگر آپ 73-1972 کا سال دیکھیں گے تو ہماری پیداوار بڑھی نہیں بلکہ گھٹی ہے - اور 39 لاکھ کاٹن بیل پیدا ہوئیں - اگر آپ 74-1973 کا سال دیکھیں گے تو ۳۵ لاکھ کاٹن bales پیدا ہوئیں -

جناب والا! ملک خدا بخش بچہ صاحب نے ریڈیو پر اعلان فرمایا تھا کہ ہم اس سال گندم میں خود کفیل ہو گئے - 85 لاکھ ٹن گندم پیدا ہوئی - اس سال روئی کی 45 لاکھ گٹھریاں جو ہیں وہ پیدا ہوں گی - لیکن جناب! جب یہ مہینے ڈیڑھ مہینے کے بعد پتہ لگا ۸۵ لاکھ ٹن گندم میں سے گورنمنٹ کو پنجاب میں ۱۸ لاکھ ٹن گندم بھی جو ہے وہ نہیں مل رہی ہے - تو انہوں نے روئی کی statement پر بھی نظر ثانی کرنے کی ضرورت محسوس کی - ایک ہی مہینے میں انہوں نے فرمایا کہ چونکہ پانی کی کمی ہے ادھر ابھی وزیر صاحب بتا کر گئے ہیں کہ پانی اتنا ہے کہ تربیلا ڈیم کے دروازے بہہ گئے ہیں، ان میں سوراخ ہو گئے ہیں لیکن دوسری طرف زراعت کے مشیر صاحب نے فرمایا کہ چونکہ پانی کی کمی ہے اس لیے پیداوار اس سال ہماری صرف ۳۵ لاکھ گانٹھ ہوگی -

جناب والا! ذرا توجہ کیجئے کہ ہم کس دور سے گزر رہے ہیں - اگر ہم 74-1973 کے مالی سال کو دیکھتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ 74-1973 کے مالی

سال کے اختتام پر ہمیں بیرونی تجارت میں تین ارب روپے کا نقصان ہوا ہے - دوسری طرف میں آپ کو یہ بھی بتا دوں کہ میرے ان الفاظ کو نوشتۂ دیوار سمجھ لیں اور ان الفاظ کو پہلے پڑھ لیں رفیع رضا صاحب کہ آئندہ سال آپ کے لیے بہت مشکلات پیدا ہوں گی - لیکن میں آپ کو یہ بتاؤں کہ وہ سندھ جس نے ہمیں اس سال 50 ہزار ٹن فاضل شکر دی تھی آئندہ سال آپ کو وہاں 50 ہزار ٹن شکر منگوانی پڑے گی اس لیے کہ آپ کے گنے کی پالیسی غلط تھی - اس کی کوئی بنیاد نہیں تھی - کاشتکار کے پاس کچھ تھا ہی نہیں کہ وہ فرٹیلائزز ڈال سکے - نتیجہ یہ ہوا کہ - - - -

**Mr. Deputy Chairman** : Under the rules you can speak only for 30 minutes. You have finished your time. I want to know how many more minutes you want to consume.

جناب قربان علی شاہ : بس مجھے پانچ - چار - دس منٹ اور دے دیجئے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : پانچ - چار - دس منٹ نہیں - آپ صرف پانچ منٹ اور لے لیں -

سردار محمد اسلم : جناب ! میں اپنا وقت ان کو دیتا ہوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : اپنا وقت تو کسی کو نہیں دیا جاتا - اگر کسی نے بولنا ہو تب اسے وقت ملتا ہے - اس ہاؤس میں 25 آدمی نہیں بولیں گے -

The man who wants to speak has the time only.

جناب قربان علی شاہ : جناب ! قومی اسمبلی میں ایسی مثال موجود ہے - یہ بڑا اہم مسئلہ ہے - بہر حال میں آخری حصے کی طرف آتا ہوں کہ آخر کیا کیا جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ صرف پانچ منٹ اور لے لیں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! آپ پہلے یہ معلوم فرمائیں کتنے دوست تقریر کرنے والے ہیں تاکہ پتہ چل سکے کہ آئندہ جو تحریک پیش ہوگی ان پر کتنے معزز ممبران تقریر کریں گے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : پہلے آپ اپنی تقریر پانچ منٹ میں ختم کیجئے -

جناب قربان علی شاہ : جناب پانچ منٹ تو بہت کم ہیں - مہربانی کر کے دس منٹ تو اور دیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : باقی تقریر تو قمرالزماں شاہ کریں گے - وہ اپنی تقریر جاری رکھیں گے -

**سردار محمد اسلم :** وہ موجود نہیں وہ تو کراچی چلے گئے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میرے خیال میں قمرالزمان شاہ صاحب کو اغوا کر لیا گیا ہے کیونکہ وہ کبھی غیر حاضر ہو ہی نہیں سکتے تھے ۔

**راؤ عبدالستار :** وہ خود چلے گئے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** وہ خود اس لیے چلے گئے ہیں کیونکہ ان پر دباؤ ڈالا گیا تو تو وہ بھاگ گئے ۔

**راؤ عبدالستار :** ان پر کس نے دباؤ ڈالا ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** لیڈر آف دی ہاؤس نے قمرالزمان شاہ صاحب پر دباؤ ڈالا ہوگا ۔ میں تو ڈال نہیں سکتا ۔

**راؤ عبدالستار :** ان پر کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا ۔ یہ ان کی اپنی مرضی ہے ۔

**جناب قربان علی شاہ :** جناب والا ! میں اس موقع پر قطعی خوشامد نہیں کرتا ۔ میں نے زندگی میں خوشامد نہیں کی ۔ جناب رفیع رضا صاحب کو پچھلے دنوں ذمہ داری سونپی گئی ہے ۔ ہم پچھلے دنوں وزراء صاحبان کے پاس یہ مسئلہ لے کر گئے تھے اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کے پاس سینکڑوں تاریں بھیجی گئیں ۔ ان کے پاس وہاں سے لوگوں نے وفد بھیجے کہ چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں کی کاٹن سیڈ کا کوئی خریدار نہیں ۔ ہم ایک وزیر صاحب سے بات کرتے تھے تو وہ موٹر میں بیٹھ کر چلے گئے ۔ ایک طرف وزیر صاحب ایوان میں آ کر کہتے ہیں کہ آپ ہمیں لکھ کر بھیجیں ۔ آپ ہمارے ساتھ بیٹھ کر باتیں کریں اور ہمیں مسئلے بتائیں اور دوسری طرف جب ہم ان سے بات کرتے ہیں تو ان کا رویہ یہ ہے ۔ ایسے وقت میں جب ہم رفیع رضا صاحب کے پاس گئے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے بڑی ذمہ داری کا ثبوت دیا اور وہ تجارت جو تقریباً مفلوج تھی اسے رواں دواں کیا اس حد تک کہ ہمارے ضلع تھرپارکر میں کاشتکار کو 80 روپے کا ریٹ مل رہا تھا جو حکومت کے اعلانات کی صریحاً خلاف ورزی تھی ۔ اس میں کافی حد تک تبدیلیاں آئیں اور میں اپنے معزز وزیر صاحب سے توقعات وابستہ کرتا ہوں کہ وہ آئندہ بھی ایسی ہی خوش اسلوبی سے ان مسائل میں دلچسپی لے کر ان کو حل کریں گے ۔ لیکن جو اندیشے ہمیں درپیش ہیں وہ بھی میں انہیں بتانا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ! میں آپ کے توسط سے محترم وزیر صاحب سے کہنا چاہتا ہوں کہ ایک تو بڑی بات یہ ہوئی ہے کہ کاٹن ایکسچینج بارہ دنوں سے بند ہے ۔ اس کی بہت سی وجوہات اور بہت سے محرکات ہیں ان معاملات کو نظر انداز

کرنا کسی بھی منتخب حکومت کے لیے انتہائی دشوار کام ہوتا ہے - وہ یہ کہ پچھلے دنوں جب حکومت نے - - - - میرے پاس ، پاکستان ٹائمز موجود ہے - - - -

**Mr. M. Rafi Raza** : Sir, how is it relevant to the export of cotton.

**Mr. Qurban Ali Shah** : It is relevant because it concerns to the cotton trade.

**Mr. M. Rafi Raza** : Sir, what he is referring to has taken place after his motion was tabled. It has taken place yesterday. His motion was dated . . . . .

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میرے خیال میں جو کچھ قراد داد کا متن ہے آپ اس سے باہر گفتگو فرما رہے ہیں - آپ چاہیں تو اس کے لیے اور قرار داد لا سکتے ہیں - سوال کر سکتے ہیں -

**جناب قربان علی شاہ :** جناب آپ میری گزارشات سن لیں اور پھر یہ فیصلہ کریں کہ یہ relevant ہے یا نہیں - میں نے کہا ہے کہ Agriculturist class کے لیے جو دشواریاں پیدا ہوئی ہیں ان پر بحث کی جائے - تو ظاہر ہے کہ جن باتوں کی وجہ سے - - - -

**Mr. Deputy Chairman** : Failure of the Cotton Export Corporation to export the surplus cotton. This is the basic issue and as a consequence of this failure to export the surplus cotton, the difficulty faced by the agriculturist class.

**جناب قربان علی شاہ :** جناب والا ! اگر آپ اس کے نچلے حصے پر غور فرمائیں تو اس میں لکھا ہوا ہے 'situation' جس میں سب باتیں آ جاتی ہیں اور میں نے Agriculturist class کی دشواریاں بیان کی ہیں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** وہ بھی relevant نہیں تھیں لیکن چونکہ آپ نے کہہ دیا تو ہم نے سن لیا -

**جناب قربان علی شاہ :** جناب ! اگر آپ کا یہی حکم ہے تو ٹھیک ہے - بہر حال میں جناب رفیع رضا سے عرض کروں گا کہ وہ اس واقعہ کی تحقیقات کرا لیں - اس لیے کہ جس طریقے سے بجٹ آؤٹ ہوتا ہے یہ واقعہ بھی اسی قسم کا ہے - ایک رات میں کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن کے افسران نے ستر لاکھ روپے کمائے ہیں - ہم اس سے کیسے چشم پوشی کر سکتے ہیں کیوں کہ اخبارات میں مطالبہ ہو رہا ہے کہ اس کی تفتیش کرائی جائے - انھیں پتہ چل گیا تھا کہ Lint cotton کی قیمت 273/- روپے طے ہو رہی ہے - اس وقت مارکیٹ زیادہ تھی - انہوں نے جا کر منڈ

کھیلا اور پرائیویٹ ناموں سے کھیلا - اگر یہ بات غلط ہے تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ تحقیقات کرا کر اس ایوان کے سامنے حقائق پیش کریں - دوسری بات یہ ہے کہ وہ کراچی گئے - آنھوں نے وہاں بڑی کوشش کی cotton ginners کو بلایا ، growers کو بلایا - ہم ان کے مشکور ہیں کہ آنھوں نے سارے مسئلے کو سمجھا اور ginning factories کے expenses طے کئے جو -/62 روپے ہیں - لیکن میں جناب رفیع رضا سے یہ بھی گزارش کروں گا کہ لوگوں کے دلوں میں کیا کیا خدشات ہیں - مہربانی کر کے وہ ان کا بھی کوئی حل تجویز فرمائیں وہ اس لئے کہ پہلے ہم نے اخبارات کے ذریعے ایک سرکلر دیا تھا کہ کاٹن سیڈ کی قیمت کم از کم -/100 روپے کاشت کار کو دی جائے گی - پھر جب حالات خراب ہو گئے - دنیا میں قیمتیں بہت زیادہ نیچے چلی گئیں تو وزیراعظم صاحب نے پریس کانفرنس میں کاشت کاروں کے لئے بڑی ہمدردی کا اظہار فرمایا اور ہمارے موجودہ وزیر صاحب کو بھی ان سے بڑی ہمدردی ہے - گو آن کا تعلق تجارت سے ہے لیکن آنھوں نے کہا کہ ہم کم از کم -/90 روپے سے لے کر -/100 روپے تک کا ریٹ کاشتکاروں کو دیں گے اس لئے کہ کاشت کاروں کا ہمیشہ استحصال ہوا ہے - تو جناب والا ! ہمارے خدشات یہ ہیں کہ جو lint price طے کی گئی ہے وہ پہلے cotton ginning charges کے مطابق کی گئی ہے - جناب رفیع رضا اس پر بھی غور کریں کہ اس وقت -/55 روپے تھے اور اب -/62 روپے ہیں - دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی cotton ginning factory والا -/62 روپے سے زیادہ چارج کرتا ہے تو اس کے خلاف سختی سے ایکشن لیا جائے تاکہ وہ کاشت کار کا استحصال نہ کر سکے یا دوسری صورت میں اگر اس کا مطالبہ جائز ہو تو بے شک اس پر نظر ثانی کریں ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں - یہ معاملہ ان کے اور ان کے درمیان ہے - ہمیں اس سے کوئی تعلق نہیں - تیسری بات یہ ہے کہ براہ کرم کاٹن ایکسچینج کو کھلوائیں - کسی بھی طریقے سے کھلوائیں اس لئے کہ موجودہ وقت میں جو economical rate مل رہا ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ خریدار کاٹن ایکسچینج کی معرفت ہی آتے ہیں - ابھی تو .C.E.C خرید رہی ہے اور اگر خریداری ہے تو بہت تھوڑی تعداد میں تو براہ کرم کاٹن ایکسچینج کھلوائیں اور تجارت کو رواں دواں کرائیں - چوتھی بات یہ ہے کہ رولز کے تحت پہلے یہ ہوتا تھا کہ ہم کاٹن ginners کو جو کاٹن سیڈ دیتے تھے اور وہ آگے بیچتے تھے تو اس پر الاؤنس لگتا تھا جو دو روپے سے دس روپے فی من تک ہوتا تھا - آپ ٹریڈ رولز دیکھ سکتے ہیں - لیکن .C.E.C -/80 یا -/90 روپے من تک لے رہی ہے - ہمیں کاٹن ginners کے اس مؤقف سے کوئی ہمدردی نہیں لیکن وہ ہمیں ڈراتا ہے - اگر ہم سے

-/80 روپے لئے گئے جو رولز کے صریحاً خلاف بات ہے تو اس صورت میں ہم یہ رقم اپنی جیب سے تو نہیں دیں گے - ہم وہ لوگوں کے ریٹ میں سے نکالیں گے - اس طریقے سے اگر -/237 روپے میں سے -/90 روپے نکال دیئے جائیں یا -/80 روپے نکال دیئے جائیں تو ظاہر ہے کہ -/90 روپے تو کیا ہمیں ریٹ -/65 یا -/70 روپے ملے گا - یہ بھی ہمیں اندیشہ ہے - تو اس کا بھی کوئی نہ کوئی تدارک ہونا چاہیئے - جناب والا ! دوسرا مسئلہ payment کا ہے کسان اپنے پیٹ پر فصل اگاتا ہے - میں آپ کو یقین دلاؤں کہ سندھ میں کوئی ایسا کسان نہیں ہے جس کا حبیب بینک میں یا جس کا یونائیٹڈ بینک میں کھاتا ہو - زمیندار کا ہو سکتا ہے کسان کا نہیں ہو سکتا - لیکن اگر ان کو ، کاشت کاروں کو یا زمینداروں کو سمجھ لیں - اگر ان کو فصل کے پیسے ٹائم پر نہیں ملتے تو یقیناً زمیندار اپنی جیب سے یا کسی دوسرے ذریعے سے کسان کو وہ پیسے ادا نہیں کرے گا - اس لئے payment کے بارے میں رفیع رضا صاحب سوچیں کہ payment کیسے کی جائے - آخر اس بیماری کا بھی کچھ علاج ہونا چاہیئے -

جناب والا ! ہم نے تجربہ کیا ہے کہ ہم Cotton Export Corporation کے through ٹریڈ کرتے ہیں - ظاہر ہے کہ اگر میں یہ کہوں گا کہ بھئی یہ فیل ہو گئی ہے تو اس میں کوئی شک ہی نہیں ہے - اس لئے کہ ڈھائی ارب روپے کے نقصان کا بوجھ ہمارے سر پر ہے - وہ وقت ضرور آئے گا کہ اس ملک کے عظیم قائد اور وہ عظیم المرتبت شخصیت جو ہمیشہ اس ملک کے غریب عوام کو ساتھ لے کر چلا ہے اور ہمیشہ مشکل لمحوں میں ، چاہے آپ قادیانی مسئلہ کو لے لیں ، چاہے لسانی مسئلہ کو ، ملک کی کشتی کو پار لگایا ہے - وہ اس مسئلے میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ ضرور interfere کریں گے اور انہوں نے کیا ہے اور ہمیشہ جو فیصلے کیے صحیح کیے تو وہ یہ جو ڈھائی ارب روپے کا نقصان ہوا اس پر بھی ضرور جواب طلب کریں گے اور میں اس ایوان کی طرف سے یہ بھی معلوم کرنا چاہوں گا کہ وہ لوگ جنھوں نے اس ملک کو ڈھائی ارب روپے کے زر کثیر کے زر مبادلے کا نقصان پہنچایا کیا ان کو ہماری قسمت ، کسانوں کی قسمت ، عوام کی قسمت اور ملک کے غریب عوام کی قسمت سے کھیلنے کی اجازت دی جائے گی ؟ کیا ہماری قسمت ان ہی لوگوں کے ہاتھ میں آپ دے دیں گے یا کوئی اور پالیسی بنائیں گے یا کوئی اور طریق کار نکالیں گے -

جناب ! ہمارے پاس روئی کی تجارت دیکھنے کے لئے ٹیمیں بھیجی جاتی ہیں - اس سلسلے میں ہمارے پاس روئی کی تجارت دیکھنے کے لیے ایک ٹیم بھیجی گئی جس میں سندھ کے کاشت کار ، پنجاب کے کاشت کار اور دوسرے تاجر بھی گئے تھے - ان کی

